Urdu - 5th Class Urdu Chapter 9 Short Questions Test

Q1. زرعی ماہرین کیا کام کرتے ہیں.

Ans 1: زرعی ماہرین کسانوں کے ساتھ کھیتوں میں کام کرتے ہیں تاکہ فصلوں اور زرعی زمینوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھا جائے.

Q2. کسی بھی پیشے ی اہنر کو اپنانا کیوں ضروری ہے.

Ans 1: روزی کمانے کے لیے اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کسی بھی پیشے یا ہنر کو اپنانا ضروری ہے.

Q3. زرعی ماہرین کا کیا کام ہے.

Ans 1: کسان کے ساتھ ساتھ زرعی ماہرین بھی زراعت کے شعبے میں کام کرتے ہیں تاکہ فصلوں اور زرعی زمینوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھا جاسکے. بہترین ادویات اور کھادوں کے استعمال سے زمین سے زیادہ پیداوار حاصل کی جاسکے.

Q4. آبادی بڑھنے سے کیا ہوا.

Ans 1: آبادی بڑھنے سے ضروریات میں اضافہ ہونے لگا.

Q5. کسی عمارت کی تعمیر کے لیے کن لوگوں کی ضرورت پیش آتی ہے.

Ans 1: کسی عمارت کی تعمیر کے لیے راج مستری، مزدعر، الیکٹریشن ، پلمبر ، بڑھئی وغیرہ کی ضرورت پیش آتی ہے.

Q6. خانساماں ، تندورچی او ربیرے کہاں کام کرتے ہیں.

Ans 1: خانساماں ، تندورچی اور بیرے ہوٹل میں کام کرتے ہیں.

Q7. پیشہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: انسان نے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کام تقسیم کرلیے. کسی نے غذا کی ضروریات پوری کرنے کاکام سنبھا لا تو کسی نے کپڑا مہیا کرنے کاکام اپنے زمے لیا. یوں مختلف افراد مختلف کاموں سے وابستہ ہونے لگے یہ کام پیشے کہلائے.

Q8. نقشہ نویس کیا کام کرتا ہے.

Ans 1: نقشہ نویس عمارت کا نقشہ بناتا ہے.

Q9. ملاح اور ماہی گیر کہاں اور کیا کام کرتے ہیں.

Ans 1: ملاح دریا میں لوگوں کو کشتیوں کے زریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ لتے اور لے جاتے ہیں. ماہی گیر سمندر اور دریاوں سے مچھلیاں پکڑ کر اپنی روزی کماتے ہیں.

Q10. کوئی بھی پیشہ کیوں اختیار کیا جاتا ہے.

Ans 1: روزی کمانے کے لیے اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی پیشہ اختیار کیا جاتا ہے.